


حیران کن سائنسی معلومات
از
مزمل حسین عابر

# فہرست


| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| عابری باتیں | 02 |
| انسانوں کے بارے میں حیران کن معلومات | 05 |
| جانوروں کے بارے میں حیران کن معلومات | 12 |
| پودوں کے بارے میں حیران کن معلومات | 23 |
| متفرق حیران کن سائنسی معلومات | 26 |
| پانچ اہم ایجادات بارے انکشافات | 32 |


KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

# عابری باتیں

یہ اکیسویں صدی ہے، ایک ایسی صدی جس میں ہم چاہ کر بھی سائنس کے وجود سے انکاری نہیں ہو سکتے۔ اگر ہم اپنے اردگرد تھوڑا سا بھی غور کریں تو یہ حقیقت ابھر کر ہمارے سامنے آتی ہے کہ ہم لوگ سائنس کے محتاج ہو کر رہ گئے ہیں۔ سائنس کے بنا ہماری زندگی نامکمل ہے۔ اب تو سائنس کے بنا جینے کا تصور تک بھی نہیں کیا جا سکتا۔ یہ سائنس ہی تو ہے جس کی بنا پر ہم روز بہ روز بہتر سے بہترین کی جانب گامزن ہوتے جا رہے ہیں۔ جتنے بھی ترقی یافتہ ممالک ہیں وہ سب کے سب جدید ترین سائنسی ٹیکنالوجی کی وجہ سے ہی اپنی ایک علیحدہ پہچان بنا پائے ہیں۔ جنگِ عظیم دوم کو ہی دیکھ لیں، حالانکہ بظاہر جاپان جنگ جیت چکا تھا لیکن صرف سائنسی علوم میں تھوڑا سا پیچھے ہونے کی وجہ سے اُسے شکست سے دو چار ہونا پڑا۔ یہ بھی اٹل حقیقت ہے کہ عالمگیری مذہب اسلام میں مکمل جدید سائنس پہلے سے ہی پوشیدہ کر کے رکھ دی گئی ہے، صرف اُسے

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

ڈھونڈنے کی ضرورت ہے۔

اِس کتاب میں میں نے سائنس کی چند ایک حیران کن اور دلچسپ معلومات لکھنے کی کوشش کی ہے۔ امید ہے آپ لوگ اسے پسند کریں گے۔ انشاءاللہ بہت جلد ایک نہایت مفصل کتاب آپ کے گوش گزار کرنے کی کوشش کروں گا جو اسلامی علوم کا بھی احاطہ کیئے ہوئے ہوگی اور دیگر سائنسی علوم و دریافتوں اور ایجادات کے ساتھ ساتھ مختلف مما لک کے بارے میں بھی آپ کو بتائے گی۔ انسان خطا کہ پُتلا ہے، مجھ سے بھی شاید اس کتاب کو لکھتے ہوئے چند غلطیاں سرزد ہوگئی ہوں گی۔ برائے مہربانی اُن غلطیوں کی نشاندہی کریں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں اُن غلطیوں کی اصلاح کی جا سکے۔ آپ کی قیمتی آراء کا ہمیشہ انتظار رہے گا۔ دعاؤں میں اس بندہء ناچیز کو بھی ضرور یاد رکھیے گا،شکریہ!

والسّلام

آپ کی دعاؤں کا منتظر

مزمل حسین عابر

15 جون 2017ء

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

**برائے رابطہ:**

فون نمبر:0305-8947185

ای میل:mhkorai1122@gmail.com

فیس بک:Muzammil Hussain Korai

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

# انسانوں کے بارے میں حیران کن معلومات

☆ ہماری آنکھیں ہمارے جسم کا وہ حصہ ہیں جنھیں ہم صابن سے نہیں دھو سکتے۔

☆ انسان ایک رات کی نیند میں ساڑھے چھ ہزار مرتبہ سانس لیتا ہے۔

☆ انسان دو ہفتوں تک بغیر کھائے تو زندہ رہ سکتا ہے لیکن اگر وہ صرف دس دن کیلئے بھی نہ سوئے تو اس کی موت واقع ہو سکتی ہے۔

☆ انسان کے جسم میں سب سے زیادہ سونا (gold) اُس کے پیر کے ناخن مین پایا جاتا ہے، لیکن اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ باقی جسم کی نسبت ناخن میں سونا زیادہ پایا جاتا ہے۔

☆ ہماری ناک کا سائز ہمارے انگوٹھے کے سائز کے برابر ہوتا ہے۔

☆ انسان کے مرنے کے بعد اس کا دماغ دو سے چار گھنٹے تک کام

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

کرتا رہتا ہے۔

☆ آپ کو پتہ ہے پیدائشی اندھے لوگ بھی خواب دیکھتے ہیں، لیکن وہ تصویریں نہیں، بلکہ صرف خوشبو، جذبات اور چھونے کے احساسات کو استعمال کرتے ہیں۔

☆ مرد خواب میں زیادہ تر صرف مردوں کو ہی دیکھتے ہیں جبکہ عورتیں مردوں اور عورتوں دونوں کو برابر تناسب سے خواب میں دیکھتی ہیں۔

☆ انسانی آنکھ کو اندھیرے سے مکمل طور پر عادی ہونے کیلئے تقریباً ایک گھنٹہ لگ سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پرانے زمانے کے ڈاکو اپنی ایک آنکھ پر پٹی باندھے رکھتے تھے (جیسا کہ آپ پرانی فلموں میں دیکھتے ہیں) اور جب اندھیرے میں جاتے تھے تو پٹی اتار دیتے تھے، چونکہ ان کی ایک آنکھ پہلے سے ہی اندھیرے کی عادی ہو چکی ہوتی ہے اس لئے انھیں اندھیرے میں دیکھنے کیلئے زیادہ پریشانی نہیں ہوتی تھی۔

☆ انسان خواب میں صرف اسے دیکھ سکتا ہے جسے وہ اپنی زندگی

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

میں کبھی نہ کبھی دیکھ چکا ہو، چاہے ایک سیکنڈ کے لئے بھی، لیکن حضرت محمد ﷺ اور اُن کے رفقا ایسی ہستیاں ہیں جو بن دیکھے بھی ہمارے خواب میں آ سکتی ہیں، اور یہ حقیقت آج تک سائنسدانوں کی سمجھ میں نہیں آئی۔

☆ ہمارے بال اور ناخن ہمارے جسم کا وہ حصہ ہیں، جن کو کاٹنے سے خون جاری نہیں ہوتا۔

☆ انسانی آنکھ کا وزن قریباً 7 گرام ہوتا ہے۔

☆ تجربہ کر کے دیکھ لیں ہمارے ہاتھ کی درمیانی انگلی کا ناخن سب سے تیزی سے بڑھتا ہے اور چھوٹی انگلی کا ناخن سب سے آہستگی سے۔

☆ سوئے ہوئے انسان کی نبض کی رفتار 59 دھڑکن فی منٹ ہوتی ہے۔

☆ انسان کے ایک گردے کا وزن قریباً آدھا پاؤ ہوتا ہے۔

☆ ارسطو پہلا یونانی فلاسفر تھا جس نے سب سے پہلے کہا تھا کہ خون جگر میں بنتا ہے۔

kutubistan.blogspot.com

☆ انسانی جسم کی سب سے بڑی ہڈی ران کی ہڈی ہوتی ہے، اور اس کے بعد ریڑھ کی ہڈی ہوتی ہے۔

☆ ایک عورت کے سر کے بالوں کو جوڑا جائے تو قریباً 50 میل لمبی رسّی بنتی ہے۔

☆ انسانی گردوں میں نالیوں کی لمبائی گیارہ ہزار دو سو کلومیٹر بنتی ہے۔

☆ ایک حالیہ تحقیق کے مطابق عورتیں سب سے زیادہ سانپوں سے اور مرد سب سے زیادہ دفن ہونے سے ڈرتے ہیں۔

☆ کیا آپ جانتے ہیں انسان بھی دوڑنے میں کسی سے کم نہیں، یہ قریباً 45 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے دوڑ سکتا ہے۔ (یہ ریکارڈ بنانے والے نوجوان کا نام سپرنٹر یوسین بولٹ ہے)

☆ انسانی جسم میں سب سے سخت چیز اُس کے دانتوں کے اوپر کی پالش ہے۔

☆ ہم سب لوگ صرف اتنا جانتے ہیں کہ بچے بنا دانتوں کے پیدا ہوتے ہیں، لیکن ایک بچہ ایسا بھی پیدا ہوا ہے جس کے پیدائش کے

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

وقت بھی دو دانت موجود تھے۔ یہ بچہ آگے چل کر فرانس کا بادشاہ بنا تھا، اس کا نام لوئی چہاردہم ہے۔

☆ کیا آپ جانتے ہیں انسانی پنڈلی کی ہڈی قریباً دو ہزار پونڈ وزن اٹھاسکتی ہے لیکن پھر بھی نہیں ٹوٹتی۔

☆ انسان ایک منٹ میں قریباً 25 بار پلک جھپکتا ہے۔

☆ ایک تندرست انسان 24 گھنٹے میں قریباً ڈیڑھ سیر پیشاب کرتا ہے۔

☆ انسانی جسم میں خون 75 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے گردش کرتا ہے۔

☆ انسان کا سب سے مضبوط اعصاب (Muscle) اُس کے دل اور زبان کا اعصاب ہے

☆ پیدائش کے وقت بچے کی نبض کی رفتار 135 دھڑکن فی منٹ ہوتی ہے۔

☆ بچہ جب پیدا ہوتا ہے تو اس کی آنکھوں کا رنگ نیلا ہوتا ہے۔

☆ انسانی دل کی اوسطاً لمبائی چھ انچ ہوتی ہے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

☆ مرنے کے بعد بھی اِنسانی دل 20 منٹ تک کام کرتا رہتا ہے۔

☆ انسان ایک منٹ میں قریباً پچیس بار پلک جھپکتا ہے۔

☆ سب سے پہلے اڑنے کی کوشش کرنے والا انسان جان سمیٹن تھا۔

☆ ایک انسانی ہاتھ میں قریباً 27 ہڈیاں ہوتی ہیں۔

☆ انسانی پیٹ میں موجود سب سے لمبا عضو چھوٹی آنت ہے، کیا آپ کو پتہ ہے اس کی لمبائی کتنی ہے؟ اس کی لمبائی تقریباً بائیس فٹ ہے۔

☆ انسان کی سب سے چھوٹی ہڈی کا نام سٹیپس ہے، جو کہ کان میں پائی جاتی ہے۔

☆ ہماری آنکھ ہمارے جسم کے اُن چند ایک حصوں میں سے ایک ہے جن کا سائز ہماری پیدائش سے لے کر وفات تک ایک ہی رہتا ہے۔

☆ انسانی بدن میں پسلیوں کے 12 جوڑے ہوتے ہیں۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

☆ جب ہم بولتے ہیں تو تقریباً 70 اعضاء حرکت کرتے ہیں۔

☆ انسان کے دونوں پھیپھڑے برابر نہیں ہوتے، دایاں بڑا ہوتا ہے۔

☆ انسانی جسم میں قریباً 25 لاکھ مسام ہوتے ہیں۔

☆ انسانی دماغ میں 90% پانی ہوتا ہے۔

☆ انسانی دماغ ایک سو واٹ بلب جتنی توانائی سے چلتا ہے۔

☆ ایک اندازے کے مطابق انسانی دماغ کی سٹوریج کیپیسیٹی ایک ہزار ٹیرا بائٹ (دس لاکھ جی بی) یا اس سے بھی زیادہ ہے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

# جانوروں کے بارے میں حیران کن معلومات

☆ خچر ایک ایسا جانور ہے، جس کی کوئی مادہ نہیں ہوتی۔

☆ برطانیہ ایک ایسا ملک ہے جہاں بغیر دُم والی بلیاں بھی پائی جاتی ہیں۔

☆ اس دنیا میں ایک ایسا جانور بھی ہے جو تقریباً 700 سال تک زندہ رہتا ہے، لیکن پانی نہیں پیتا۔ اور چالیس دن بعد ایک قطرہ پیشاب کرتا ہے، اس انوکھے جانور کا نام گوہ ہے۔ (حیات الحیوان، جلد 2 صفحہ 323 )

☆ دودھ دینے والے جانوروں میں سب سے کم دودھ ہاتھی کا ہوتا ہے۔

☆ الو ایک ایسا پرندہ ہے جو اپنے شکار کو مکمل طور پر نگل لیتا ہے، اور پھر تقریباً بارہ گھنٹے بعد وہ پر، ہڈیاں اور کھال ایک گیند کی شکل میں باہر نکال دیتا ہے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

☆ برازیل ایک ایسا ملک ہے، جہاں سینگوں والے مینڈک بھی پائے جاتے ہیں۔

☆ جھینگر ایک ایسا جانور ہے جس کے کان اس کی اگلی ٹانگوں میں ہوتے ہیں۔

☆ آپ کو پتہ ہے ایک مچھلی ایسی بھی ہے جس کا دل اُس کے سر میں ہوتا ہے، اس انوکھی مچھلی کا نام "شرمپ مچھلی" ہے۔

☆ کاڈ مچھلی ایک ایسی مچھلی ہے جو صرف ایک سال میں نوے لاکھ انڈے پیدا کرتی ہے۔

☆ سب سے تیز رفتار جاندار ایک پرندہ ہے، جس کی سپیڈ دو سو میل سے بھی زیادہ ہے (حالیہ ماپی گئی سپیڈ قریباً 242 میل فی گھنٹہ ہے)۔ اس پرندے کا نام شاہین ہے۔ کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ سب سے تیز رفتار چیتے کی ہوتی ہے، لیکن یہ بات غلط ہے۔ اُس کی رفتار محض 75-70 میل فی گھنٹہ ہے۔

☆ دنیا کا سب سے بڑا جانور جو اس وقت بھی زندہ ہے، وہ نیلی وہیل ہے، جس کا وزن قریباً 190 میٹرک ٹن ہے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

☆ چمگادڑ کی اوسط عمر بیس سال ہوتی ہے۔

☆ کچھوے کی اوسط عمر قریباً 120 سال ہوتی ہے۔

☆ وہیل ایک ایسا جانور ہے جو پانی میں بھی رہتا ہے اور دودھ بھی دیتا ہے۔

☆ اور وہیل ہی ایک ایسا جانور ہے جس کا دل تمام ممالیہ جانوروں میں سب سے آہستہ دھڑکتا ہے، صرف سات سے آٹھ مرتبہ فی منٹ۔

☆ اب تک دریافت ہوئے سب سے بڑے ڈائنوسار کا وزن قریباً 13 ہاتھیوں کے برابر ہے۔

☆ بندر کے دو دماغ ہوتے ہیں، جن میں سے ایک سارے جسم کو کنٹرول کرتا ہے جبکہ دوسرا صرف دُم کو۔

☆ ڈولفن کو سمندر کا کھلاڑی کہا جاتا ہے۔

☆ طوطا اور خرگوش دو ایسے جانور ہیں جو گردن کو موڑے بغیر بھی پیچھے دیکھ سکتے ہیں۔

☆ دنیا کا سب سے سست رفتار جانور گھونگا ہے جو اٹھاون سینٹی میٹر

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

فی گھنٹہ کی رفتار سے چلتا ہے۔

☆ عام مکھی اڑتے وقت اپنے پروں کو 19800 بار اوپر نیچے کرتی ہے۔

☆ مکھی ایک وقت میں 150-500 انڈے دیتی ہے۔

☆ برازیل ہی ایک ایسا ملک ہے جہاں دنیا کا سب سے چھوٹا مینڈک پایا جاتا ہے جس کی لمبائی قریباً ایک سینٹی میٹر سے بھی کم ہوتی ہے۔

☆ سانپ بغیر کھائے پیئے قریباً دو سال تک زندہ رہ سکتا ہے۔

☆ ریچھ ایک ایسا جانور ہے جو درخت پر اُلٹا چڑھتا ہے۔

☆ ابرونامی مینڈک ایک ایسا مینڈک ہے، جسے دنیا کا سب سے زہریلا جانور سمجھا جاتا ہے۔

☆ مینڈک کی انگلیوں پر ناخن نہیں ہوتے۔

☆ مینڈک کی گردن نہیں ہوتی۔

☆ شترمرغ کا انڈا سب سے بڑا ہوتا ہے۔

☆ کینگرو کی چھلانگ سب سے لمبی ہوتی ہے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

☆ شکرا ایک ایسا پرندہ ہے، جو ہوا میں کھڑا ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

☆ دنیا میں ایک ایسا ملک بھی ہے جسے مگرمچھوں کا دارالخلافہ کہا جاتا ہے، اس دلچسپ ملک کا نام کولمبیا ہے۔

☆ کیچوا ایک ایسا جانور ہے جس میں نر اور مادہ دونوں کی خصوصیات پائی جاتی ہیں۔

☆ الّو مغرب میں عقلمندی اور مشرق میں نحوست کی علامت سمجھا جاتا ہے۔

☆ جانوروں میں سب سے کم عمر چیونٹی کی ہوتی ہے۔

☆ انسان کے بعد ذہین ترین مخلوق مکڑی ہے۔

☆ Platipus ایک ایسا جانور ہے جسے عالمِ حیوانات کی پہیلی قرار دیا گیا ہے۔

☆ چمگادڑ کی اوسط عمر 20 سال ہوتی ہے۔

☆ کاکروچ ایک ایسا جاندار ہے، جس کے خون کا رنگ سرخ ہونے کی بجائے سفید ہوتا ہے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

☆ کینگرو ایک ایسا جانور ہے جو پیدائش کے وقت اندھا ہوتا ہے۔

☆ دنیا میں سب سے زیادہ بلند پرواز سرخ پا کوے کی ہوتی ہے۔

☆ گینڈے کا سینگ بالوں کا بنا ہوتا ہے۔

☆ آسٹریلیا ایک ایسا ملک ہے جہاں گلہری نہیں پائی جاتی۔

☆ چین ایسا واحد ملک ہے جہاں چڑیا نہیں پائی جاتی۔

☆ ہمنگ برڈ دنیا کا سب سے چھوٹا پرندہ ہے، جس کا جسم قریباً 2 انچ لمبا اور وزن 3 گرام ہوتا ہے۔

☆ ببر شیر ہوا میں بیس میٹر لمبی چھلانگ لگا سکتا ہے۔

☆ پرندوں میں سب سے زیادہ عمر کوے کی ہوتی ہے۔

☆ پرندوں میں سب سے گہرائی میں غوطہ لگانے والا پرندہ پنگوئن ہے۔

☆ اونٹ ایک ایسا جانور ہے جو بغیر پانی پیئے 17 دن زندہ رہ سکتا ہے۔

☆ کیوی ایک ایسا پرندہ ہے جس کا انڈہ اس کے وزن کا چوتھائی

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

حصہ ہوتا ہے۔

☆ رائیوو فاگری ایک ایسا دریا ہے جس میں ایک بھی مچھلی نہیں ہے، یہ دریا کولمبیا میں ہے۔

☆ کیکڑا ایک ایسا جانور ہے جس کے دانت پیٹ میں ہوتے ہیں۔

☆ تیرتی ہوئی ناک کی اصطلاح شارک کے لیئے استعمال کی جاتی ہے۔

☆ کچھوا ایک منٹ میں 4.6 میٹر فاصلہ طے کر سکتا ہے۔

☆ اڑن مچھلی تقریباً 25 فٹ تک اڑ سکتی ہے۔

☆ دنیا میں سب سے زیادہ پایا جانے والا پرندہ قوٹلیا ہے۔

☆ گیدڑ کو جنگلی جانوروں کا بھنگی کہا جاتا ہے، کیونکہ یہ دوسروں کی بچی کھچی خوراک پر گزارا کر لیتا ہے۔

☆ مینڈک ایک ایسا جانور ہے جو چھ ماہ سوتا اور چھ ماہ جاگتا رہتا ہے۔

☆ سانپ کے کان نہیں ہوتے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

☆ سانپ کی زبان ایک ہوتی ہے لیکن آگے سے دو شاخہ ہوتی ہے۔

☆ بھنڈی توری آپ کو پسند ہو یا نہ ہو، پر آپ کو پتہ ہونا چاہئے کہ یہ پاکستان کی قومی سبزی ہے۔

☆ گلہری انڈے نہیں بچے دیتی ہے۔

☆ چمگادڑ کی حیرت انگیز سماعت کو مدنظر رکھتے ہوئے انسان نے ریڈار سسٹم اور ریڈیائی دوربینیں بنائیں۔

☆ مینڈک ایک ایسا جانور ہے جو ناک اور منہ کے علاوہ کھال (جلد) سے بھی سانس لیتا ہے۔

☆ سانپ ایک ایسا جانور ہے جو آنکھ نہیں جھپکتا۔

☆ کنگ فشر ایک ایسا پرندہ ہے جو مچھلیوں کی ہڈیوں پہ انڈے دیتا ہے۔

☆ پینگوئن کو انتہائی تیز تیراک پرندہ سمجھا جاتا ہے۔

☆ مکڑی اور سانپ ایسے جانور ہیں جو اپنی کھال بدلتے رہتے ہیں۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

☆ جو پرندے اندھیرے غاروں میں رہتے ہیں وہ راستہ اپنی آواز کی گونج سے معلوم کرتے ہیں۔

☆ مکڑی اپنے جال میں اس لئے نہیں پھنستی کیونکہ اس کے پاؤں میں ایک خاص قسم کی چکناہٹ ہوتی ہے۔

☆ ترکی کا قومی نشان بھیڑیا ہے۔

☆ چمگادڑ دنیا کا واحد اڑنے والا جانور ہے، جس کے دانت بھی ہوتے ہیں اور وہ اپنے بچوں کو دودھ بھی پلاتا ہے۔

☆ ہمنگ برڈ (آسٹریلیا) ایک ایسا پرندہ ہے، جو جتنی رفتار سے سیدھا اڑتا ہے، اُتنی ہی رفتار سے پیچھے کی طرف بھی اُڑ سکتا ہے۔

☆ زرافہ ایک ایسا جانور ہے جو منہ سے آواز نہیں نکال سکتا۔

☆ کوئل کا گھونسلا نہیں ہوتا۔

☆ بندر ایک ایسا جاندار ہے، جس کے دو دماغ ہوتے ہیں۔

☆ ہاتھی اور چوہا ایسے جانور ہیں جن کے دانت ساری عمر بڑھتے رہتے ہیں۔

☆ ریشم کا ہر ایک کیڑا اپنی عمر میں ایک ہزار گز ریشم پیدا کرتا ہے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

☆ نر مچھر کی زندگی قریباً ۹ دن اور مادہ مچھر کی زندگی قریباً 30 دن ہوتی ہے۔

☆ چمگادڑ کی آنکھیں نہیں ہوتیں۔

☆ بلیاں رات کو الفاریڈ شعاؤں کی وجہ سے دیکھتی ہیں۔

☆ جگنو گوشت خور ہے۔

☆ ٹڈی ایسا جانور ہے جو اپنے وزن کے برابر کھا کر بھی بھوکا رہتا ہے۔

☆ آسٹریلیا کے جنگلات میں ایسے بکرے پائے جاتے ہیں جو مچھلیاں کھاتے ہیں اور درختوں پر بھی چڑھ سکتے ہیں۔ (علم کا سمندر صفحہ 21)

☆ اسفنج ایک ایسا جانور ہے جس کے ہاتھ، پاؤں، کان، ناک، منہ وغیرہ نہیں ہوتے۔

☆ مکڑی کا ایک پاؤنڈ وزنی جالا اتنا لمبا ہوتا ہے کہ اُسے زمین کے گرد 6 مرتبہ لپیٹا جا سکتا ہے۔

☆ گائے 24 گھنٹے میں سے ۹ گھنٹے جگالی کرتی ہے۔

kutubistan.blogspot.com

☆ پلائس (Plice) ایک ایسی مچھلی ہے جس کی دونوں آنکھیں دائیں طرف ہوتی ہیں۔

☆ ہاتھی کے دماغ کا وزن 11 پونڈ ہوتا ہے اور یہ 30 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے دوڑ سکتا ہے۔

☆ شترمرغ واحد پرندہ ہے جس سے چمڑا حاصل کیا جاتا ہے۔

☆ ہمنگ برڈ ایک ایسا پرندہ ہے جو اڑ تو سکتا ہے پر چل نہیں سکتا۔

☆ کبوتر اور فاختہ دو ایسے پرندے ہیں جو ساری دنیا میں امن کی علامت سمجھے جاتے ہیں۔

☆ شہد کی مکھی سرخ رنگ کے پھولوں کا رس اس لئے نہیں چوستی کیونکہ وہ سرخ رنگ کو نہیں دیکھ سکتی۔

☆ چیونٹی جب کاٹتی ہے تو اس سے ہونے والی جلن دراصل فارمک ایسڈ کا نتیجہ ہوتی ہے۔

☆ جھینگر اور شہد کی مکھی کی پانچ آنکھیں ہوتی ہیں۔

☆ اگر سٹار فش کی ٹانگیں کاٹ دی جائیں تو وہ دوبارہ نمودار ہو جاتی ہیں۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

# پودوں کے بارے میں حیران کن معلومات

☆ کیا آپ کو بھنڈی توری پسند نہیں؟ مانیں یا نہ مانیں پر یہ پاکستان کی قومی سبزی ہے۔

☆ پاکستان کا قومی پھول چنبیلی (Jasmine) ہے۔

☆ آپ کو پتہ ہے چند درخت ایسے بھی ہیں جن کے پتے سردیوں میں بھی پیلے نہیں ہوتے، جیسا کہ آم، نارنگی اور چرونجی۔

☆ اس دنیا میں ایک درخت ایسا بھی ہے جس کا صرف چھلکا سونگھنے سے ہی انسان بے ہوش ہو جاتا ہے، کچھ لوگ تو یہ بھی کہتے ہیں کہ اگر اس درخت کے نیچے سے کوئی گزرے تو یہ درخت اسے اپنے ساتھ لپیٹ کر موت کی نیند سلا دیتا ہے، اس خطرناک درخت کو آدم خور (انسان کو کھانے والا) درخت کہا جاتا ہے۔ یہ درخت افریقہ کے جنگلات میں پایا جاتا ہے۔

☆ چاول کے حوالے سے انڈونیشیا کے بہت سے جزیروں میں

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

ایک انوکھا رواج رکھا گیا ہے، جس کے مطابق چاول کی فصل تیار ہونے کے وقت شادی کی جاتی ہے اور کٹائی کے بعد رشتہ ختم کر دیا جاتا ہے۔

☆ چند پودے ایسے بھی ہیں جو مکھیوں وغیرہ کا شکار کر کے، انھیں مار کے اپنی غذائی ضروریات پوری کرتے ہیں، جیسا کہ سن ڈیو (SunDew)۔

☆ دنیا کا سب سے زیادہ کھایا جانے والا پھل کیلا ہے، جس کے درخت میں کوئی بھی لکڑی نہیں ہوتی۔

☆ دنیا کی سب سے زیادہ کھائی جانے والی سبزی آلو ہے۔

☆ شاہ بلوط کا درخت ایک ایسا درخت ہے جو کہ اپنا پھل ایک دو سال بعد نہیں، بلکہ تقریباً پورے پچاس سال بعد دینا شروع کرتا ہے۔

☆ پھولوں کا بادشاہ گلاب اور ملکہ گلِ داؤدی کو کہتے ہیں۔

☆ چاول کی فصل سب سے پہلے چین میں کاشت کی گئی۔

☆ بالسا دنیا کی سب سے ہلکی لکڑی اور بلیک آئرن وُڈ دنیا کی سب

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

سے بھاری لکڑی ہے۔

☆ سب سے زیادہ پھل دینے والے درخت کا نام ناشپاتی ہے جو کہ قریباً 300 سال تک پھل دیتا رہتا ہے۔

☆ باقی پودوں کی نسبت اسٹرابری ایک ایسا پودا ہے جس کا بیج اس کے چھلکے کے اوپر بنتا ہے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

# متفرق حیران کن سائنسی معلومات

☆ سوڈیم ان دھاتوں میں سے ایک ہے جو کہ پانی سے ٹکراتے ہی جل اٹھتی ہیں۔ شعبدہ باز اسی دھات کو اپنے جادو میں استعمال کرتے ہیں۔

☆ ہر پتھر پانی میں نہیں ڈوب سکتا، مثال کے طور پر جھاواں پتھر کو جب پانی میں ڈالا جائے تو وہ پانی کے اوپر تیرنے لگتا ہے۔

☆ سیزیم ایک ایسی دھات ہے جسے اگر شیشے کے گلاس میں ڈالا جائے تو ری ایکشن اس قدر تیز ہوگا کہ چند لمحات کے اندر اندر گلاس ٹوٹ جائے گا۔

☆ زیادہ سردی پڑنے سے پانی کے پائپ اس وجہ سے پھٹ جاتے ہیں کیونکہ پانی کا درجہ حرارت جب 4C سے کم ہو جائے تو وہ پھیلنے لگتا ہے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

☆ زیادہ تر ہارٹ اٹیک سوموار والے دن ہوتے ہیں۔

☆ سب سے پہلے سرجری مصر میں کی گئی تھی جہاں سال قبل مسیح کی ایک انسانی کھوپڑی ملی ہے جس کے دو دانت آپریشن کر کے نکالے گئے تھے۔

☆ خلاباز جو لباس پہنتے ہیں وہ گیارہ ملین ڈالر (ایک عرب دس کروڑ روپے) کا ہوتا ہے۔

☆ چاند پر بھی دن رات ہوتے ہیں، چاند کا ایک دن اور ایک رات ہمارے دو ہفتوں کے برابر ہوتے ہیں۔

☆ چاند پر غروب آفتاب کا رنگ کالا ہوتا ہے۔

☆ چاند اگر مکمل طلوع ہو تو اس کی روشنی آدھے چاند کی روشنی سے قریباً نو گنا زیادہ ہوتی ہے۔

☆ منڈلاتے سیارے ہماری زمین سے تقریباً 35600km کے فاصلے پر ہوتے ہیں۔

☆ چاہے بادل ہوں یا نہ ہوں، آسمانی بجلی ایک منٹ میں پانچ ہزار مرتبہ زمین سے ضرور ٹکراتی ہے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

☆ مومن خان مومنؔ نے اپنی تاریخ وفات خود نکالی تھی جو کہ بالکل درست ثابت ہوئی۔

☆ اگر روشنی ایک دائرے میں حرکت کرے تو یہ ایک سیکنڈ میں زمین کے گرد قریباً سات چکر پورے کر لے گی۔

☆ ایسا بالکل بھی نہیں کہ سورج سے نکلتے ہی روشنی ہم تک پہنچ جاتی ہو، بلکہ اسے زمیں تک پہنچنے کیلئے قریباً ساڑھے آٹھ منٹ لگتے ہیں اس کے بعد یہ ہم تک پہنچتی ہے۔

☆ سر فرانسی ڈریک وہ پہلا آدمی تھا جس نے سمندر کے راستے زمین کے گرد چکر لگا کے سب سے پہلے ثابت کیا کہ زمین گول ہے۔

☆ اگر آپ ایک ایٹم اور نیوکلیس کے درمیان فرق کو سمجھنا چاہیں تو اس طرح سے کر سکتے ہیں کہ اگر ایٹم ایک اسٹیڈیم ہے تو نیوکلیس اس کے بیچ میں پڑا ہوا مٹر کا دانہ ہے۔

☆ ایفل ٹاور ایک ایسا ٹاور ہے جس کی چوٹی سے ایک دو نہیں بلکہ پورے نوے کلومیٹر دور تک دیکھا جا سکتا ہے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

☆ سوئی حضرت ادریسؑ کی ایجاد ہے۔

☆ خالص ہیرے کی پہچان یہ بھی ہوتی ہے کہ آپ اسے ہتھوڑے سے نہیں توڑ سکتے، ہتھوڑا تو ٹوٹ جائے گا پر ہیرا نہیں۔ اس کے علاوہ اس کی دوسری پہچان یہ بھی ہے کہ اگر یہ آپ کے سامنے پانی میں پڑا ہو تو آپ کو نظر نہیں آئے گا۔

☆ اگر دس لاکھ ایٹموں کو لائن میں رکھیں تو ان کی موٹائی ایک انسانی بال کے برابر ہوگی۔

☆ فضا میں سب سے زیادہ پائی جانے والی گیس نائٹروجن ہے، جس کی مقدار کل گیسوں کا قریباً 78% ہے۔

☆ خلابازوں کا لباس کپاس والے دھاگوں سے نہیں بلکہ شیشے کے دھاگوں اور ریشوں سے تیار ہوتا ہے۔

☆ مریخ کے دو چاند ہوتے ہیں۔

☆ مریخ کا ایک سال زمین کے دو سالوں کے برابر ہے۔

☆ آئن سٹائن ایک ایسا سائنسدان تھا جسے بغیر کسی تجربے کے نوبل انعام ملا۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

☆ انٹرنیٹ پہ اس وقت قریباً ایک سوٹریلین الفاظ ہیں، اگر انھیں چالیس الفاظ فی منٹ کی رفتار سے ٹائپ کیا جائے تو ساڑھے چار ملین سال لگیں گے انھیں ٹائپ کرتے کرتے۔

☆ ہوا کا وزن سب سے پہلے گلیلیو نے کیا تھا۔

☆ سقراط کی وجہ شہرت اس کا ہر وقت سوال پوچھتے رہنا تھا۔

☆ یورینیم سے کوئلے کی نسبت دس ہزار گنا زیادہ انرجی حاصل کی جاسکتی ہے، یہی وجہ ہے کہ اسے ایٹم بم میں استعمال کیا جاتا ہے۔

☆ دنیا کا سب سے پہلا ہیلی کاپٹر ہومر ہے، جو کہ روس کے پاس ہے۔

☆ یہ بات کہ اکیس مارچ اور تئیس ستمبر کو دن اور رات کا دورانیہ برابر ہوتا ہے، البتانی نے دریافت کی۔

☆ زمین کا قطر 12800 کلومیٹر ہے۔

☆ سنگ مرمر اور چونے کا پتھر ایک ہی چیز کا نام ہے۔

☆ ٹانکا لگانے کیلئے ایسی ٹائیلین (Acetylene) گیس استعمال کی جاتی ہے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

☆ آپ کو پتہ ہے دنیا کی سب سے قیمتی دھات نہ ہی سونا ہے اور نہ ہی ہیرا، بلکہ دنیا کی سب سے قیمتی دھات کا نام پلاٹینیم ہے۔

☆ ایک میل میں ایک اعشاریہ چھ کلومیٹر ہوتے ہیں۔

☆ آنسو گیس کسی گیس کا نام نہیں۔

☆ سنگاپور میں ایک مشین ہے جس سے آپ گلے ملیں تو وہ آپ کو کوک کی ایک بوتل دے گی، اس انوکھی مشین کا نام "ہگ می کوک" ہے۔

☆ الٹرا ساؤنڈ اور ایکس۔رے میں فرق یہ ہے کہ الٹرا ساؤنڈ نرم گوشت دیکھنے کیلئے جبکہ ایکس رے سخت گوشت (ہڈی وغیرہ) کا معائنہ کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

## پانچ اہم سائنسی ایجادات بارے انکشافات

☆ جارج سٹیفن کے نام سے آج کون واقف نہیں، یہی وہ پہلا شخص تھا جس نے سب سے پہلی ریل گاڑی بنائی تھی۔لیکن کیا آپ کو پتہ ہے اس نے اپنا نام لکھنا سترہ سال کی عمر میں سیکھا تھا۔

☆ مارک زکر برگ ایک عام سا شخص تھا جسے اس کی نالائقی کی بنیاد پر یونیورسٹی سے نکال دیا گیا تھا،لیکن آج اسے ساری دنیا میں عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے کیونکہ ہر آنے والا سیکنڈ اس کی دولت میں سینکڑوں ڈالرز کا اضافہ کرتا ہے۔ کیونکہ آج کے دور میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والی سوشل سائٹ مارک زکر برگ کی ہے سائٹ ہے، جسے اس نے ہاسٹل کے ایک بوسیدہ کمرے میں بیٹھ کے بنایا تھا۔

☆ ہم لوگ مساواتوں کو یونہی بے کار چیز سمجھتے ہیں،لیکن آج کے دور کا خطرناک ترین ہتھیار ''ایٹم بم'' آئن سٹائن کی بنائی ہوئی ایک

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

مساوات کا ہی نتیجہ ہے۔ E=mcc (ماس انرجی مساوات)

☆ بلب اور سینما مشین کے موجد کا نام ایڈیسن تھا۔ وہ کوئی امیر نہیں بلکہ ایک اخبار کا ناشر تھا۔

☆ آئن سٹائن مرتے وقت کسی ایسی ویسی مشین پر نہیں بلکہ "ٹائم مشین" کے منصوبے پر کام کر رہا تھا۔ اسے یقین تھا کہ جو کچھ ماضی میں ہوتا ہے یا مستقبل میں ہونے والا ہو وہ سب کچھ ہماری فضا میں پہلے سے ہی نقش ہوتا ہے، اور ہم اس مشین کے ذریعے ماضی کی گہرائیوں میں بھی جا سکیں گے اور مستقبل کے نظارے بھی کر سکیں گے۔ لیکن اس کی موت ہو گئی اور یوں یہ منصوبہ ادھورے کا ادھورا رہ گیا۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM